23/06/2026

9.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عابدہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت ایک تیزی سے ابھرتی ہوئی اور قابل بھروسہ معیشت بنی ہے اور یہ ایک قابل بھروسہ عالمی پاور کے طور پر بھی ابھر رہا ہے۔ نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پچھلے 12 برسوں کے دوران کئی اسکیمیں ملک کی مجموعی ترقی کے لئے شروع کی گئی ہیں۔

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ تعلیم کے شعبے میں مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی اہمیت کے حامل ہےں ۔ SKICC سرینگر میں امر اُجالا گروپ کی طرف سے دسویں اور بارویں جماعت کے ذہین طلباءاور اساتذہ کی عزت افزائی کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہاکہ ہمینچلینجز کو قبول کرکے اپنے مستقبل کو ایک نئی سمت دینی چاہیے۔

............LG............

ورکشاپ

پنچایتی راج کی مرکزی وزارت کی طرف سے آج سرینگر میں سیوا سے سمردھی موضوع کے تحت ایک علاقائی ورکشاپ کا انعقاد کیاجا رہا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اس ورکشاپ کا افتتاح کریں گے، جبکہ تقریب پر دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی اس میں شر کت کریں گے۔

ووشو

انڈین ووشو ٹیم نے کل وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی ۔ یہ ووشو ٹیم آج چین کے لئے روانہ ہو رہی ہے جہاں وہ شنگھائی تعاون تنظیم ووشو چیمپئین شپ میں شمولیت کرے گی ۔ وزیر اعلیٰ نے ٹیم کو بہتر کارکردگی دکھانے کے لئے نیک
تمناو

ں کا اظہار کیا ۔ٔ

جاوید احمد ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کل ایک میٹنگ میں رام بن ضلعے میں مختلف ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ کے دوران وزیر موصوف کو بتایا گیا کہ ضلعے میں مالی سال 2025-26 کے دوران 2 ہزار 382 مختلف ترقیاتی کاموں کو مکمل کیا جا چکا ہے ۔ انہوں نے اس موقعہ پر ہدایت دی کہ تمام زیر تعمیر کاموں کو اپنے مقررہ وقت کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ عام لوگوں تک اس کے فوائد جلد پہنچ سکےں ۔

محرم الحرام

آج محرم الحرام کی 7 تاریخ ہے ۔ اس سلسلے میں آج وادی بھر کے امام بارگاہوں ، مساجد اور خانقاہوں میں حسینی مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے ۔ کئی علاقوں میں عزاداری کے جلوس بھی بر آمد کئے جا رہے ہیں ۔

-----نوحہ-----

حج کمیٹی

جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کی ایک اطلاع کے مطابق حج 2027 کے لئے خواہشمند عازمین اگلے مہینے کی بیس تاریخ تک آن لائن فارم جمع کر سکتے ہیں یہ فارم
پر دستیاب ہیں ۔ www.hajjcommittee.gov.in

اسی دوران اقلیتی امور کے وزیر کرن رججو نے کل حج پالیسی 2027 کا اعلان کیا ۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلن پربھات نے ایک میٹنگ کے دوران شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا ۔ اس میٹنگ میں ITBP، BSF، CRPF

اور مختلف اضلاع کے ایس ایس پیز نے شرکت کی ۔ ڈی جی پی نے تمام ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ یاترا کے احسن اور پر امن انعقاد کے لئے متحرک رہیں ۔

KPDCL

کے منیجنگ ڈائریکٹر محمود احمد شاہ نے شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے KPDCL جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے یاترا کے تمام
پڑاو

اور دوسرے روشنی کے آلات نصب کرنے کے بارے میں Gen setsں پر سولر لائٹس ، ئ جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے ہدایت دی کہ یاترا کے دوران 24 گھنٹے بجلی فراہم کی جائے ۔

پولیس

کے ساتھ شری امر ناتھ جی یاترا کے راستوں پر ماک CRPF اور RR پولیس نے کل فوج کے 50 ڈرلز کا اہتمام کیا جس کا مقصد کسی بھی ہنگامی سکیورٹی صورتحال سے بر وقت نمٹنا ہے ۔

ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج راشٹر پتی بھون نئی دلی میں ایک تقریب پر 65 شخصیات کو پدم ایوارڈ عطا کریں گی جن میں 2 پدم وِبھوشن، 7 پدم بھوشن اور 56 پدم شری ایوارڈس شامل ہیں ۔

ٹورنامنٹ

گراونڈ سرینگر میں کشمیر چیمپئنز فٹ بال لیگ شد و مد سے جاری ہے ۔ اس ٹورنامنٹ TRC Turf میں اب تک دس میچ کھیلے جا چکے ہیں ۔ شائقین کی ایک بڑی تعداد مقابلوں کو دیکھنے کے لئے سٹیڈیم میں آتے ہیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ 23 اعشاریہ 2 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ